# Islami Nikah

## Hadees ki roshni mein


Compiled by

**Hazrat Maulana Nadeem Ahmed Ansari sb. db.**

M.A, Mphil, Phd. [Pursuing], Journalist



الفــلاح اسـلامک فاؤنڈیشن، انڈیا

Al Falah Islamic Foundation, India

www.afif.in/

Book Name: **Islami Nikah**

Author's Name: **Maulana Nadeem Ahmed Ansari db.**

Edition: **First [January 2022]**

Courtesy: **Al Falah Islamic Foundation, India**

Visit us: **www.afif.in**

الفــلاح اســلامک فاؤنڈیشن، انڈیا
AL FALAH ISLAMIC FOUNDATION, INDIA
www.afif.in 09022278319 nadeem@afif.in

## INDEX

**Taqreez……….……………………………………..….05**

**Tamheed…………..……………………………….…...07**

●Bad nigaahi se bachne par Inaam…………..09
●Nikah se mutalliq Nabi ﷺ ka hukm…………..09
●Nikah ka aham maqsad……………………....10
●Nikah sab Nabiyon ki sunnat…………………10
●Nikah adha Deen………………………………10
●Nikah karne wale ko khushkhabri……………11
●Life partner select karne ka usool……………11
●Nek biwi ki ahmiyat…………………………....12
●Nek biwi ki fazeelat…………………………....12
●Nikah se pehle ek nazar dekhna…………….13
●Nikah se pehle ki nazar ka fayeda…………..13
●Kunwari ladki se nikah karna………………...13
●Payam par payam……………………………..14
●Nikah ko mashhoor karna…………………….15
●Masjidon mein Nikah karna…………………..15
●Nikah mein gawahon ki ahmiyat……………..16
●Wali ki ijazat ki zaroorat……………………..……16

●Shadi karne wale ko di jane wali dua………..17
●Rasoolulah ﷺ ki biwiyon ka mehar…………...17
●Sohbat ki dua…………………………………...18
●Aapas ke raaz zaahir karna……………………...18

●Walima karna……………………………………19
●Walime ka waqt…………………………………19
●Walime ki dawat ka hukm……………………...20

●Walime ki dawat ki ahmiyat…………………..21
●Sab se bura Walima…………………………...21
●Shauhar ka maqam…………………………....22
●Shauhar ki khwahish ki ahmiyat……………...22
●Farishton ki laanat……………………………..23
●Shauhar ki raza mandi jannat ki zamanat…..23
●Shauhar ki ijazat ke baghair nafli ibadat…….23
●Biwi ka Talaq mangna…………………………24
●Sab se na pasand Halal cheez……………….24
●Bina wajah Biwi ko marna……………………..25
●Biwi se dar guzar karna………………………..25
●Biwi ko galiyaan dena………………………….25
●Biwi se achcha sulook karna …………………26
●Muhabbat ki taleem…………………………….26
●Ahl o Ayaal par kharch karne ki fazeelat……..27
●Ahl o Ayaal par kharch karne ki ahmiyat………..27

## TAQREEZ

Ilm e Hadees par mushtamil kitabon ki be shumaar qismein hain, jin se kaafi had tak ahl e ilm waaqif hain, aur un ki ahmiyat o ifadiyat ko ba khoobi jante hain, un mein se ek qism un kitabon ki bhi hai jin mein kisi ek mauzoo ya unwan se mutalliq 40 Hadeesein jama kar di jati hain. Dar asl is ki bunyaad ek mashhoor hadees hai jis mein Nabi kareem ﷺ ne 40 ahadees qaum tak pahonchane par kuch basharatein di hain, bhale hi is hadees ki sanad zyada qavi nahi hai, magar mutaddad turuq se ye riwayat manqool hai, isi liye Ummat ke Jamhoor Ulama ne ibtida hi se is tarah ke majmooe (collections) murattab karne ka ihtimaam kiya hai aur aaj bhi baaz ulama maujooda daur ki zarooraton ke lihaaz se muntakhab unwanaat (selected topics) par 40 hadeesein jama karte hain, un ka maqsad ummat ko ek hi unwaan ke tehat 40 hadeeson ki janib mutwajjeh karna hota hai, jo deeni, dawati aur islahi maqaasid ki takmeel karti hain.

Pesh e nazar 40 hadees ka majmooa (collection) ek khas mauzoo 'Nikah' par mushtamil hai. Insano ki pakizgee, nasl e insani ko baaqi rakhne aur fitri taqazon ki jayez takmeel aur Saaleh muashre ki tashkeel ka ek aham unwan 'Nikah' hai, aur maujooda daur mein is muqaddas rishte ko anjaam dene ke liye kitni layaani baaton aur fuzooliyaat ko is mein daakhil ya shaamil kar diya gaya hai, jis ke

nateeje mein Shariat ki mukhalifat ya zaati pareshaniyaan paida ho gayi hain, hadees ki roshni mein agar ye rishta qayam kiya jaye to saaleh muashara bane, is liye ye 40 hadees ka majmooa badi ahmiyat ka haamil ban jata hai.
Tahseen ke layaq hain Maulana Nadeem Ahmed ansari sb. jinhon ne Nikah aur us ke mutalliqaat par mushtamil ye hadeesein muntakhab ki, un ka tarjuma aur mukhtasar tashreeh bhi kitaab mein shamil hain, zaroorat hai ke ye kitaab har musalman ke ghar mein ho aur sunnat ki roshni mein yeh Aqd (Nikah) anjaam paye.

Allah Tabarak o ta’ala is majmooe se har musalman ko istifade ki taufeeq ataa farmaye aur is ke murattib ko jaza e khair de. Ameen

**Muhammad Islam Qasmi**

Lecturer of Hadith & Head Dept. of Arabic Literature

Darul Uloom Waqf Deoband

## TAMHEED

الحمدللہ و کفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی، اما بعد:

Is dunya mein bhala aisa kaun hai jo dawa kar sake ke woh jannat mein hi jayega aur us ke bure aamaal bakhsh hi diye jayenge! Jo aadmi jitna nek hota hai use aakhirat ki utni hi zyada fikr hua karti hai, isi liye Ahlullah o Ulama bawjood har waqt Qaalallah o Qaalarrsool ke nekiyon par aayi hui un chhoti chhoti basharaton ko bhi haasil karne ki koshish karte hain jin par jannat mein dakhile aur jahannum se chhutkaare ki umeed ki ja sake. Yahi wajah hai ke wo bade ulma jinhone kitaab o sunnat ki tafseer o tashreeh mein apni zindagiyaan guzaar di, 40 Hadees mustaqil taur par shaya karne ka ehtimaam karte rahe hain, taake Basharat e Nabavi un par bhi saadiq aa sake. Is liye ke Rasoolullah ﷺ ki ek mashhoor hadees hai - jo mukhtalif turuq mein mukhtalif alfaaz se aayi hai ke Aap ﷺ ne irshad farmaya: Jis ne 40 Hadeesein meri ummat tak pahonchaayin, us se qayamat ke din kaha jayega ke jis darwaze se chaahe, jannat mein daakhil ho jaye, yaani us ke liye jannat ke aathon (8) darwaze khol diye jayenge. Ek riwayat mein hai ke jis ne 40 Hadeesein meri ummat tak pahonchaayin, qayamat ke din mai us ki shafa’at (sifaarish) karne wala aur gawaah hounga. Ek riwayat mein hai ke Allah qayamat ke din use faqeeh o aalim bana kar uthayenge, aur ek riwayat mein hai ke use fuqaha aur ulama ke sath uthaya jayega.

عن علی بن ابی طالب وعبد الله بن مسعود ومعاذ بن جبل وابی الدرداء وابن عمر وابن عباس وأنس بن مالك وأبی هريرة وأبی سعيد الخدری رضی الله عنهم من طرق كثيرات وبروايات متنوعات أن رسول الله ﷺ قال: "من حفظ علی أمتی أربعين حديثاً من أمر دينها، بعثه الله يوم القيامة فی زمرة الفقهاء والعلماء" وفی رواية "بعثه الله فقيهاً عالماً" وفی رواية ابی الدرداء "وكنت له يوم القيامة شافعاً وشهيداً" وفی رواية ابن مسعود "قيل له ادخل من أی أبواب الجنة شئت" وفی رواية ابن عمر "كتب فی زمرة العلماء وحشر فی زمرة الشهداء" واتفق الحفاظ علی أنه حديث ضعيف وان كثرت طرقه۔ قال النووی رحمه الله: "من حفظ علی أمتی أربعين حديثاً" معنی الحفظ هنا: ان ينقلها الی المسلمين وان لم يحفظها ولم يعرف معناها۔ هذا حقيقة معناه، وبه يحصل انتفاع المسلمين لا يحفظ ما ينقله۔ (الأربيعن النووية، ص:٩)

Isi bashaarat (khushkhabri) ko hasil karne ke shauq mein hum ne bhi yeh 40 Hadeesein ek aham mauzoo 'Nikah' par jama ki aur zaroorat ke mutabiq un par mukhtasar fawaid ka izafa kar diya.

Us Fayyaz daataa ke huzoor dua karte hain ke is mukhtasar taleef, is ke muallif, is ki isha'at o taba'at (publishing & printing) neez kisi bhi tarah is mein hissa lene wale har fard ko qabool farmaye aur unhein qayamat mein in basharaton ki khushkhabri sunaye aur sab ki tamam hi kotahiyon se dar guzar farma kar apni rahmat mein jagah inayat farmaye.

آمين يارب العالمين بجاه سيد الانبياء والمرسلين


**Nadeem Ahmed Ansari Ghufiralahoo**
Khadim Al Falah Islamic Foundation, India
4/ Shabaan 1431 Hijri, 17/ July 2010

## Bad nigaahi se bachne par Inaam

[1] Hazrat Abdullah bin Mazsood rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne Allah ta'ala ka ye irshad naql farmaya:

اَلنَّظْرَةُ سَهْمٌ مَسْمُوْمٌ مِنْ سِهَامِ اِبْلِيْسَ، مَنْ تَرَكَهَا مِنْ مَخَافَتِيْ اَبْدَلْتُهٗ اِيْمَانًا يَّجِدُ حَلَاوَتَهٗ فِيْ قَلْبِهٖ۔

(الترغیب: ۲۸۳۸، رواه الطبرانی، والحاکم من حدیث حذیفة وقال: صحیح الأسناد)

Bad nigaahi Shaitaan ke zehreele teeron mein se, ek teer hai, jis ne is ko ghair mehram se bachaya, to main use Imaan ki aisi mithaas naseeb karunga, jise woh apne dil mein mehsoos kerega

## Nikah se mutalliq Nabi ﷺ ka hukm

[2] Hazrat Abdullah rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ! مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ، فَاِنَّهٗ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ، وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ، وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ، فَاِنَّهٗ لَهٗ وِجَاءٌ۔ (مسلم، کتاب النکاح، باب: استحباب النکاح لمن تاقت نسفه إلیه ووجد مؤنة: ۱۴۰۰، بخاری: ۵۰۶۶)

Aey Nau Jawano ki jama'at! Tum mein se jo nikah ki istita'at rakhta ho woh nikah kar le, kyunke ye amal nigaah ko bahot jhuka deta hai aur sharm gaah ki bahot hifazat karta hai, aur tum mein se jo nikah ki istita'at na rakhta ho, us ko chahiye ke roze rakhe, kyunke is ke liye roze rakhna shahwaton ko todne wala hai.

## Nikah ka aham maqsad

[3] Hazrat Ayesha rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

اَلنِّكَاحُ مِنْ سُنَّتِيْ، فَمَنْ لَمْ يَعْمَلْ بِسُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ، وَتَزَوَّجُوْا، فَاِنِّيْ مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ

الخ۔ (ابن ماجه: كتاب النكاح، باب ما جاء فی فضل النكاح: ۱۸۴۶)

Nikah meri sunnat hai, jo meri sunnat par amal na kare woh mujh se nahi, tum nikah karo kyunke qayamat ke din mein tumhare (aulaad) zyada hone par dusri ummaton par fakhr karunga.

## Nikah sab Nabiyon ki sunnat

[4] Hazrat Abu Ayyub rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

اَرْبَعٌ مِنْ سُنَنِ الْمُرْسَلِيْنَ: اَلْحَيَاءُ، وَالتَّعَطُّرُ، وَالسِّوَاكُ، وَالنِّكَاحُ۔

(ترمذی، كتاب النكاح، ما جاء فی فضل التزويج والحث عليه: ۱۰۸۰)

4 cheezein Ambiya ki sunnton mein se hain: (1)Haya (2) Khushboo (3) Miswak (4) Nikah.

## Nikah adha Deen

[5] Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

اِذَا تَزَوَّجَ الْعَبْدُ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ نِصْفَ الدِّيْنِ، فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ فِي النِّصْفِ الْبَاقِيْ۔

(الترغيب: ۲۸۶۶، شعب الايمان للبيهقی: ۵۴۸۷)

Jab koi banda nikah kar leta hai to us ka adha deen mukammal ho ja taa hai, ab use baaqi adhe deen

ke mutalliq khuda se darna aur us ka taqwa ikhtiyar karna chahiye.

## Nikah karne wale ko khushkhabri

[6] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

ثَلَاثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللهِ عَزَّوَجَلّ عَوْنُهُمْ، الْمُكَاتِبُ الَّذِىْ يُرِيْدُ الْاَدَاءَ، النَّاكِحُ الَّذِىْ يُرِيْدُ الْعَفَافَ، وَالْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ۔ (نسائی: کتاب النکاح، باب معونة الله الناکح الذی یرید العفاف: ٣٢١٨، ترمزی: ١٦٥٥، ابن ماجه: ٢٥١٨)

Teen logon ka zimma aur haq Allah azz o jall (ne khud) par (le rakha) hai ke un ki madad kere: (1) wo Ghulam jis ne apne aaqa se raqam muqarrar kar ke azadi hasil karne ka mamla kiya ho aur wo us ke ada karne ka irada bhi rakhta ho (2) aisa nikah karne wala jo nikah ke zariye Iffat o paak damani chahta ho (3) wo shakhs jo Allah ke raaste mein jidd o juhad (koshish) karne wala ho.

## Life partner select karne ka usool

[7] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ لِأَرْبَعٍ، لِمَالِهَا، وَلِحَسَبِهَا، وَلِجَمَالِهَا، وَلِدِيْنِهَا، فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ۔ (بخاری: کتاب النکاح، باب الاکفاء فی الدین: ٥٠٩٠، مسلم: ٧١٥)

Aurat se 4 wajah se nikah kiya jata hai; (1) Maal (2) Hasab nasab (3) Jamaal (4) Deen. Tum par laazim hai ke (life partner select karne mein) deen ko

tarjeeh do, jo aisa na kare, us ke haath (hands) mitti mein mil jaayein.

## Nek biwi ki ahmiyat

[8] Hazrat Abdulllah bin Amr rz. Se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

الدُّنْيَا مَتَاعٌ، وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْأَةُ الصَّالِحَةُ۔

(مسلم: کتاب النکاح، باب خیر متاع الدنیا المرأۃ الصالحۃ: ۱۴۶۷)

Dunya mehaz istimaal karne ki ek cheez hai, aur dunya mein fayda haasil karne ki sab se behtareen cheez nek biwi hai, (yani khush naseeb hai wo shakhs jis ko deen ke kaamo mein madad karne wali biwi mil jaye).

## Nek biwi ki fazeelat

[9] Hazrat Anas rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

مَنْ رَزَقَهُ اللهُ امْرَأَةً صَالِحَةً، فَقَدْ أَعَانَهُ عَلَى شَطْرِ دِيْنِهِ، فَلْيَتَّقِ اللهَ فِي الشَّطْرِ الثَّانِيْ۔

(الترغیب: ۲۸۶۶، شعب الإیمان للبیهقی: ۵۴۸۷)

Jis ko Allah ta'ala ne nek o saleh biwi ataa kar di, to Allah ne us ke adhe deen (ko mukammal karne) mein us ki madad kar di, ab use chahiye ke baaqi adhe deen ke mamle mein Allah ka taqwa ikhtiyar kare.

## Nikah se pehle ek nazar dekhna

[10] Hazrat Abu Huraira rz. Se riwayat hai, wo farmate hain:

كُنتُ عِندَ النَّبِيِّ ﷺ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَاَخبَرَهُ اَنَّهُ تَزَوَّجَ امْرأَةً مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَنَظَرتَ اِلَيهَا؟ قَالَ: لَا۔ قَالَ: فَاذْهَبْ، فَانْظُرْ اِلَيهَاَ، فَاِنَّ فِيْ اَعْيُنِ الْاَنْصَارِ شَيْئاً۔

(مسلم: كتاب النكاح، باب ندب النظر الى وجه المرأة: ١٤٢٤)

Main Nabi ﷺ ki khidmat mein hazir tha, ek shakhs hazir hua, us ne aap ﷺ ko ek Ansari aurat se apne rishte ki khabar di, Aap ﷺ ne irshad farmaya: kya tune us (aurat) ko dekha hai? Us ne jawab diya: nahi. Aap ﷺ ne farmaya: Jao aur us ko ek nazar dekh lo, is liye ke (madine ke) ansariyon ki aankhon mein kuch hota hai (baad mein na pachtaana).

## Nikah se pehle ki nazar ka fayeda

[11] Hazrat Mugheera bin Shoba rz. se riwayat hai, unhone ek aurat ko nikah ka paigham diya to Hazrat Nabi Kareem ﷺ ne irshad farmaya:

اُنْظُرْ اِلَيهَاَ، فَاِنَّهُ اَحْرَى اَنْ يُؤْدَمَ بَيْنَكُمَا۔ (ترمزى، كتاب النكاح، باب: ما جاء فى انظر إلى المخطوبة: ١٠٨٧، نسائى: ٣٢٣٥، ابن ماجه: ١٨٦٦)

Us ko ek nazar dekh le, umeed hai ke is (amal) ki wajah se Allah ta’ala tumhare darmiyaan ulfat o mohabbat ko hamesha banaye rakhe.

## Kunwari ladki se nikah karna

[12] Hazrat Jabir bin Abdullah rz. se riwayat hai, wo

farmate hain ke mein ne ek aurat se nikah kiya, us ke baad Hazrat Nabi Kareem ﷺ ki khidmat mein hazir hua to aap ﷺ ne farmaya:

أَتَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: بِكْراً أَمْ ثَيِّباً؟ فَقُلْتُ: لَا بَلْ ثَيِّباً؟ فَقَالَ: هَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ الخ۔ (ترمزی: کتاب النکاح، باب ما جاء فی تزویج الابکار: ۱۸۸۶، نسائی ۳۲۱۹، ابن ماجه: ۱۸۶۰، مسلم: ۷۱۵، مسلم: ۵۰۷۹)

Aey Jabir! kya tune nikah kiya hai? Maine Arz kiya: Jee haan! Aap ne ﷺ farmaya: Kunwari ladki se ya bewa se? Maine arz kiya: Bewa se. Aap ﷺ ne farmaya: kunwari se nikah karta ke woh tujh se khelti aur tu us se.

## Payam par payam

[13] Hazrat Ibn e Umar rz. Rasoolullah ﷺ se riwayat karte hain:

نَهَى النَّبِيُّ ﷺ أَنْ يَبِيعَ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيعِ بَعْضٍ، وَلَا يَخْطُبَ الرَّجُلُ عَلَى خِطْبَةِ أَخِيهِ، حَتَّى يَتْرُكَ الْخَاطِبُ قَبْلَهُ أَوْ يَأْذَنَ لَهُ الْخَاطِبُ۔ (بخاری: کتاب النکاح، باب لا یخطب علی خطبة اخیه حتی ینکح أو یدع: ۵۱۴۲، أخرجه مسلم: ۱۴۱۲)

Koi shakhs apne bhai ke payam par payam na de, yahan tak ke pehle payam dene wala is mamle ko chhod de ya khud ijazat de de (yani jab tak pehle payam dene wala is mamle se alag na ho jaye kisi dusre ko darmiyaan mein aana durust nahi).

## Nikah ko mashhoor karna

[14] Muhammad bin Hatim se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

فَصْلُ مَا بَيْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الدُّفُّ وَالصَّوْتُ۔

(ترمزی: کتاب النکاح، باب: ما جاء فی اعلان النکاح: ۱۰۸۸، نسائی: ۳۳۷۰)

Halal aur Haram mein farq ye hai ke daf bajaya jaye aur buland awaaz se nikah ka elaan kiya jaye (yani nikah ko khoob mashhoor kiya jaye, kyunke halal kaam elaan ke sath aur haram kaam chupa kar kiya jata hai).

**Tashreeh:** Nikah ke elaan ka hukm hai, jis ki ek soorat ye bhi hai ke is par daf bajaya jaye, agar elaan bin daf ke ho jaye to is ki zaroorat nahi hai, aur daf bhi wo jis mein baja na ho. (Fatawa Mahmoodiya: 10/477)

Daf bajana ek tarah ka shor tha, is par dhol baje ko qayaas karna durust nahi, aur ab jab ke musalman jahiliyat ke zamane wale ghalat tareeqon se door ho gaye to daf bajane ki ahmiyat bhi khatm ho gayi, ab kuch roshni karna, jhandiyaan lagana bhi daf ke barabar ho jata hai. (Tohfatul Al Maee: 3/505)

## Masjidon mein Nikah karna

[15] Hazrat Ayesha rz. se riwayat hai, Rasoolullahﷺ ne irshad farmaya:

اَعْلِنُوْا هٰذَا النِّكَاحَ، وَاجْعَلُوْهُ فِي الْمَسَاجِدِ، وَاضْرِبُوْا عَلَيْهِ بِالدُّفُوْفِ۔

(ترمزی: کتاب النکاح، باب: ماجاءفی اعلان النکاح: ۱۰۸۹)

Nikah ka elaan kiya karo aur use masjidon mein kiya karo aur nikah ke waqt daf bajaya karo.
**Tashreeh:** Walime ya nikah ya kisi aur khushi mein agar daf baja kar aise log gaa len jin se shehwat nahi hoti, to ye jayez hai, lekin daf ke alawa na koi baja jayez hai aur na aurton ka gaana. Isi tarah achchi awaaz wale ya khoob soorat ladkon ka gaana ya un logon ka gaana jo music ke usool ke muwafiq gaate hain; (us ka) sunna haraam hai.
(Kifayatul Mufti: 9/186)

## Nikah mein gawahon ki ahmiyat

[16] Hazrat Ibn e Abbas rz. se riwayat hai, Hazrat Nabi kareem ﷺ ne irshad farmaya:

اَلْبَغَايَا اللَّاتِيْ يُنْكِحْنَ اَنْفُسَهُنَّ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ۔

(ترمزی: کتاب النکاح، باب: لانکاح الابیّنة: ۱۱۰۳)

Zina karne wali wohi aurtein hain jo nikah karti hain baghair gawahon ke.
**Tashreeh:** Is hadees ki bina par jamhoor ka maslak ye hai ke baghair (sharayi) gawahon ke nikah nahi hota, nikah mein 2 (sharayi) gawaah bil ijmaa zaroori hain. (Dars eTirmizi: 3/383, Tohfatul Al maee: 3/524)

## Wali ki ijazat ki zaroorat

Hazrat Abu Moosa se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ۔

(ترمزی: کتاب النکاح باب ما جاء لا نکاح الا بولی:۱۱۰۱، ابوداؤد: ۲۰۸۵، ابن ماجہ: ۱۸۸۱)

Nikah baghair wali (ki ijazat) ke durust nahi hota.
**Note:** Is mas'ale ki tafseel apne yahan maujood ulama se maloom kar len.

## Shadi karne wale ko di jane wali dua

[18] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, jab Hazrat Nabi kareem ﷺ kisi ko nikah karte hue dekhte to use yeh dua dete:

بَارَكَ اللهُ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ۔ (ترمزی، کتاب النکاح، باب ما جاء فیما یقال للمتزوج: ۱۰۹۱، ابوداود: ۲۱۳۰، ابن ماجہ: ۱۹۰۵، السنن الکبریٰ: ۱۰۰۸۹)

Allah mubarak kare, tum par barkat nazil farmaye aur Khair o bhalayi ke sath tum dono ko jama kare.

## Rasoolulah ﷺ ki biwiyon ka mehar

[19] Hazrat Abu Salma bin Abdurrahman se riwayat hai, wo farmate hain ke maine Hazrat Ayesha yaani Hazrat Nabi kareem ﷺ ki biwi se poocha:

كَمْ كَانَ صَدَاقُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ؟ قَالَتْ: كَانَ صَدَاقُ الْاَزْوَاجِهٖ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ اَوْقِيَةً وَنَشًّا، قَالَتْ: اَتَدْرِيْ مَا النَّشُّ؟ قَالَ، قُلْتُ: لَا، قَالَتْ: نِصْفُ اَوْقِيَةٍ، فَتِلْكَ خَمْسُ مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَهٰذَا صَدَاقُ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ لِاَزْوَاجِهٖ۔ (مسلم: باب الصداق: ۱۴۲۶)

Rasoolullah ﷺ ka mehar kitna tha? Unhone farmaya: Aap ﷺ ki biwiyon ka mehar 12 auqiyah chaandi yaani 500 dirham tha .

**Tashreeh:** Ek dirham 3 gram, 61 mili gram aur 8 micro gram ka hota hai. (Al awzanul Mahmooda: 69)

## Sohbat ki dua

[20] Hazrat Ibn e Abbas rz. se riwayat hai, Harzat Nabi kareem ﷺ ne irshad farmaya: Ghaur se suno! Jab tum mein se koi apni biwi se sohbat karne ke liye aaye to is tarah dua kare:

بِاسْمِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنِی الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَناَ۔

Main Allah ka naam le kar ye kaam karta hun, Aey Allah hamein shaitaan se bacha aur jo aulaad aap hamein den, us se bhi shaitaan ko door rakh.

ثُمَّ قُدِّرَ بَيْنَهُمَا فِی ذٰلِكَ، اَوْ قُضِیَ وَلَدٌ، لَمْ يَضُرُّهُ شَيْطَانٌ اَبَدًا۔ (بخاری، کتاب النکاح، باب ما یقول الرجل اذا اتی اهله: ۵۱٦۵، اخرجه مسلم: ۱۴۳۴)

Phir un dono ko koyi aulaad naseeb ho to shaitaan us ko kabhi koi nuqsaan nahi pahoncha sakega.
**Fayeda:** Baghair dua ke intercourse karne se shaitaan bhi intercourse karta hai. (Fatawa Mahmoodiya: 10/632)

## Aapas ke raaz zaahir karna

[21] Abdurrahman bin Saeed farmate hain, Maine Abu Saeed Khudri rz. ko farmate hue suna ke Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

اِنَّ مِنْ اَشَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ: الرَّجُلُ يُفْضِیْ اِلیٰ امْرأَتِهٖ، وَتُفْضِیْ اِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا۔ (مسلم: کتاب النکاح: باب تحریم افشاء سر المرأة: ۱۴۳۷)

Qayamat ke din Allah ke nazdeek sab se bad tareen wo shakhs hoga jo apni biwi se sohbat (sex) kare aur phir us ke raaz (yani tanhayi mein hue mamle ko) logon par zaahir kare.

## Walima karna

[22] Hazrat Anas rz. se riwayat hai, Hazrat Nabi kareem ﷺ ne Hazrat Abdurrahman ibn e auf rz. par ek martaba zardi ka Nishaan dekha to farmaya:

مَا هٰذَا؟ قَالَ: اِنِّي تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ، اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ۔ (بخاری: کتاب النکاح: باب کیف یدعیٰ للمتزوج: ۵۱۵۵، اخرجہ مسلم: ۱۴۲۷)

Ye zardi kaisi hai? Unhone arz kiya: Maine ek aurat se nikah kiya hai, ek guthli ke barabar sone (gold) par. Aap ﷺ ne farmaya : Allah tumhe barkat de, walima to karo, ek hi bakri ka sahi.

## Walime ka waqt

[23] Hazrat Ibn e Masood rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

طَعَامُ اَوَّلِ يَوْمٍ حَقٌّ، وَطَعَامُ يَوْمِ الثَّانِيْ سُنَّةٌ، وَطَعَامُ وَيَوْمِ الثَّالِثِ: سُمْعَةٌ، وَمَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ۔ (ترمزی: کتاب النکاح، باب ماجاء فی الولیمہ: ۱۰۹۷)

Nikah ke baad (walime ke taur par) pehle din ka khana haq hai, dusre din sunnat hai aur teesre din ka naam o numood aur dikhaawe ke liye hai, aur jo dikhaawe ke liye koi kaam kare Allah ta’ala us ke amal ko qabool nahi farmata balke chaurahe par us ka bhaanda phod denge.

**Tashreeh:** Is riwayat se istidlaal kar ke jamhoor

ulama kahte hain ke walima 2 din tak jayez hai, is se zyada takheer (delay karna) makrooh hai. (Dars e Tirmizi: 3/370)

Waise kitne din walima kiya ja sakta hai is ka talluq urf se hai, hamare urf mein ek din walima hota hai, is liye 2 din walima karna riya (dikhawa) hai, aur hadees mein hai ke 2 din tak walima kar satke hain, 3 din walima karna dikhawa hai, aur Bukhari Shareef mein ek baab (chapter) hai:

باب: حق اجابة الوليمة والدعوة ومن أولم سبعة أيام

yaani 7 din tak walima ho sakta hai. Allama Aini rh. aur Hafiz Asqalani rh. ne is baab ke tehat 7 din tak walima karne ke kai Aasaar bayan kiye hain, gharz farmate hain ke is ka talluq urf se hai, urf se zyada din walima karna dikhawa hai aur mana hai. (Tohfatul Al Maee: 3/510) Magar ye ke koi khaas maslehat ho.

## Walime ki dawat ka hukm

[24] Hazrat Ibn e Umar rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْوَلِيْمَةِ فَلْيَأْتِهَا۔

(مسلم: كتاب النكاح، باب الأمر بإجابة الداعى إلى الدعوة: ۱۴۲۹، بخارى: ۵۱۷۳)

Tum mein se jab ko i walime mein bulaya jaye to us mein zaroor shareek ho.

**Fayeda:** Allama Ibn e Abdul Birr rh. ne Imam Malik rh. Imam Abu Hanifa rh. Imam Shafa’i rh. wagherah

se walime ki dawat ke qabool karne ka wajib hona naql kiya hai, is shart ke sath ke mutayyan taur par (specific) kisi shakhs ko dawat di jaye, lekin sahi baat yahi hai ke is dawat ka qabool karna bhi masnoon hai, albatta shariat mein is ki badi takeed o ehtimaam hai. (Qamoosul Fiqh: 5/234)

Jis dawat mein gunah ka irtikaab ho, us mein shirkat jayez nahi, is liye aisi dawaton mein jab tak munkaraat (gunaahon) se khaali hone ka itminan na ho jaye, shirkat nahi karni chahiye. Agar samaaj ke samajh daar aur ba shaoor log apne aap ko aisi daawton se door rakhein, to shayad muashre ki islaah ho sake. (Kitabul Fatawa: 4/415)

## Walime ki dawat ki ahmiyat

[25] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Hazrat Nabi Kareem ﷺ ne irshad farmaya:

لَوْ دُعِيْتُ إِلٰى كُرَاعٍ لَأَجَبْتُ وَلَوْ أُهْدِيَ إِلَيَّ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُ۔

(بخاری: کتاب النکاح، باب من اجاب الی کراع: ۵۱۷۸)

Agar mujhe koi bakri ke khur ki bhi dawat de, main tab bhi jaunga, aur agar koi bakri ka khur bhi mujhe Hadye mein pesh kare, main use bhi qabool kar lunga.

## Sab se bura Walima

[26] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيمَةِ، يُدْعَى لَهَا الْأَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْفُقَرَآءُ، وَمَنْ تَرَكَ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللهَ وَرَسُولَهُ ﷺ۔ (بخاری: کتاب النکاح، باب من ترک الدعوۃ فقد عصی اللہ ورسولہ: ۵۱۷۷، اخرجہ مسلم: ۱۴۳۲)

Bura Walima wo hai jis mein maal daaron ko dawat di jaye aur muhtaajon, ghareebon ko chhod diya jaye aur jo shakhs (walime ki) dawat mein (bina kisi uzr ke) shareek na ho, us ne Allah aur us ke Rasool ﷺ ki na farmani ki.

## Shauhar ka maqaam

[27] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Hazrat Nabi Kareem ﷺ ne irshad farmaya:

لَوْ كُنْتُ آمِرًا أَحَدًا أَنْ يَسْجُدَ لِأَحَدٍ، لَأَمَرْتُ الْمَرْأَةَ أَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔

(ترمزی: کتاب الرضاع، باب ماجاء فی حق الزوج علی المرأۃ: ۱۱۵۹)

Agar main kisi insaan ko hukm deta ke kisi doosre insaan ko sajda kare, to main zaroor biwi ko ye hukm deta ke woh apne shauhar ko sajda kare (lekin aap ﷺ ne ye hukm diya nahi).

## Shauhar ki khwahish ki ahmiyat

[28] Hazrat Talaq bin Ali rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

إِذَا دَعَا الرَّجُلُ زَوْجَتَهُ لِحَاجَتِهِ، فَلْتَأْتِهِ، وَإِنْ كَانَتْ عَلَى التَّنُّورِ۔

(ترمزی، کتاب الرضاع: ۱۱۶۰، ابن ماجہ: ۱۸۵۴)

Jab koi admi apni biwi ko apni zaroorat poori karne ke liye talab kare to use zaroor hazir hona chahiye, chahe wo us waqt tannoor par (ya kisi zaroori kaam mein mashghool) ho.

**Farishton ki laanat**

[29] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Hazrat Nabi Kareem ﷺ ne irshad farmaya:

إِذَا بَاتَتِ الْمَرْأَةُ مُهَاجِرَةً فِرَاشَ زَوْجِهَا، لَعَنَتْهَا الْمَلاَئِكَةُ حَتّٰى يَرْجِعَ۔ (بخاری، کتاب النکاح، باب اذا باتت المرأة مهاجرة فراش زوجها : ۵۱۹۴، مسلم : ۱۴۳۶)

Jab koi biwi apne shauhar ke bistar se (bina majboori ke) alag ho kar raat guzarti hai to us par farishte laanat karte rahte hain, yahan tak ke woh wapis laute.

**Shauhar ki raza mandi jannat ki zamanat**

[30] Hazrat Umm e Salma rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

اَيُّمَا امْرَأَةٍ مَاتَتْ وَزَوْجُهَا عَنْهَا رَاضٍ، دَخَلَتِ الْجَنَّةَ۔

(ترمزی: کتاب النکاح، باب ما جاء فی حق الزوج علی المرأة: ۱۱۶۱)

Agar koi biwi is haal mein wafaat paa jaye ke us ka shauhar us se raazi ho, wo jannat mein dakhil hogi.

**Shauhar ki ijazat ke baghair nafli ibadat**

[31] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, wo Hazrat Nabi Kareem ﷺ se naql karte hain:

لَا تَصُوْمُ الْمَرْأَةُ وَبَعْلُهَا شَاهِدٌ، اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔ (بخاری: کتاب النکاح، باب صوم المرأة بإذن زوجها تطوعاً: ۵۱۹۲، مسلم: ۱۰۲۶ مطولاً)

Kisi aurat ke liye (nafli) roza rakhna durust nahi hota, is haal mein ke us ka shauhar wahan maujood ho, albatta us ki ijazat ke baad durust hai.

## Biwi ka Talaq mangna

[32] Hazrat Sobaan rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

اَيُّمَا امْرَأَةٍ سَأَلَتْ زَوْجَهَا طَلَاقًا مِنْ غَيْرِ مَا بَأْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ۔

(ابو داود: کتاب الطلاق، باب فی الخلع: ۲۲۲۶)

Jo aurat apne shauhar se bina sharayi uzr ke talaq maange, us par jannat ki khushboo bhi haram hai (yani us ka ye amal jannat se bahot door kar dene wala hai).

## Sab se na pasand Halal cheez

[33] Hazrat Ibn e Umar rz. Hazrat Nabi Kareem ﷺ se naql karte hain:

اَبْغَضُ الْحَلَالِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الطَّلَاقُ۔

(ابو داود: کتاب الطلاق، باب فی کراهیة الطلاق: ۲۱۷۸، ابن ماجه: ۲۰۱۸)

Allah azz o jall ke nazdeek halal cheezon mein sab se zyada na pasandeeda cheez Talaq hai.

## Bina wajah Biwi ko marna

[34] Abdullah bin Zam’ah se riwayat hai, Hazrat Nabi Kareem ﷺ ne irshad farmaya:

لَا يَجْلِدُ اَحَدُكُمُ امْرَأَتَهٗ جَلْدَ الْعَبْدِ، ثُمَّ يُجَامِعُهَا فِيْ آخِرِ الْيَوْمِ ۔(بخاری، کتاب النکاح، باب ما یکرہ من ضرب النساء: ۵۲۰۴، مسلم: ۲۸۵۵)

Tum mein se koi shakhs apni biwi ko ghulam ya naukar ki tarah na maare, (afsos hai us shakhs par ke ek waqt mein to apni biwi ko is tarah maare) aur doosre waqt mein us se sohbat kare.

## Biwi se dar guzar karna

[35] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

لَا يَفْرَكْ مُؤْمِنٌ مُؤْمِنَةً، اِنْ كَرِهَ مِنْهَا خُلُقًا، رَضِيَ مِنْهَا آخَرَ، اَوْقَالَ: غَيْرَهٗ۔

(مسلم: کتاب الرضاع، باب الوصیۃ بالنساء: ۱۴۶۹)

Koi momin mard kisi momin aurat ko dushman na rakhe, is liye ke agar us mein koi aadat na pasandeeda hai to koi aadat pasandeeda bhi hogi.

## Biwi ko galiyaan dena

[36] Kuch shauhar apni biwi ko galiyaan baka karte hain, jab ke gaali galoch ke mutalliq Rasoolullah ﷺ ka irshad hai:

سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ، وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ ۔(بخاری، کتاب الإيمان، باب: خوف المؤمن من أن يحبط عمله وهو لا يشعر: ۴۸، مسلم: ۶۴)

Kisi bhi musalman ko gaali dena fisq (gunaah) aur use qatl kar dalna kufr hai.

## Biwi se achcha sulook karna

[37] Hazrat Abu Huraira rz. se riwayat hai, Rasoolullah ﷺ ne irshad farmaya:

إِنَّ الْمَرْأَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ، لَنْ تَسْتَقِيمَ لَكَ عَلَى طَرِيقَةٍ، فَإِنِ اسْتَمْتَعْتَ
بِهَا اسْتَمْتَعْتَ بِهَا وَبِهَا عِوَجٌ، وَإِنْ ذَهَبْتَ تُقِيمُهَا، كَسَرْتَهَا، وَكَسْرُهَا طَلَاقُهَا۔

(مسلم: باب الوصیۃ بالنساء: ۱۴۶۸، بخاری: ۵۱۸۴)

Aurat pasli ki haddi se paida ki gayi hai, wo kabhi tum se seedhi chaal na chalegi, is liye agar tum us se kaam lena chaho to (aise hi) liye jao aur wo tedhi ki tedhi hi rahegi, agar tum ne us ko seedha karne ki koshish ki to wo toot jayegi aur us ka tootna Talaq hai.

## Muhabbat ki taleem

[38] Rasoolullah ﷺ ne miya biwi ko pyar aur muhabbat ki taleem dete hue irshad farmaya:

إِنَّكَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَةً تَبْتَغِي بِهَا وَجْهَ اللهِ إِلَّا أُجِرْتَ عَلَيْهَا، حَتَّى مَا تَجْعَلُ فِي فَمِ
امْرَأَتِكَ۔ (بخاری: ۵۶، دارمی: ۳۰۶۵، ترمذی: ۲۴۴۵)

Be shak tum jo kuch Allah ki razamandi ke liye kharch karoge, us ka sawab tumhe milega, yahan tak ke khane ka wo luqma jo koi shauhar apni biwi ke munh mein rakhe, us par bhi sawaab hai.

## Ahl o Ayaal par kharch karne ki fazeelat

[39] Hazrat Ibn e Masood rz. se riwayat hai, Hazrat Nabi Kareem ﷺ ne irshad farmaya:

إِذَا أَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلٰى أَهْلِهٖ يَحْتَسِبُهَا فَهُوَ لَهٗ صَدَقَةٌ۔ (بخاری، کتاب الایمان، باب ما جاء ان الاعمال بالنیة والحسبة: ۵۵، مسلم: ۱۰۰۲، بلفظ ان المسلم)

Jab koi admi apne ahl o ayaal par sawaab ki niyat se kharch karta hai, to us ko sadqe ka sawaab milta hai.

## Ahl o Ayaal par kharch karne ki ahmiyat

[40] Hazrat Jabir rz. se riwayat hai, Hazrat Nabi Kareem ﷺ ne irshad farmaya:

أَوَّلُ مَا يُوضَعُ فِيْ مِيْزَانِ الْعَبْدِ نَفَقَتُهٗ عَلٰى أَهْلِهٖ۔ (الترغیب: ۲۹۲۷)

Wo cheez jo qayamat mein bande ke amaal ke tarazoo mein sab se pehle rakhi jayegi, wo apne ahl o ayaal par kiya hua kharch hai.

الفـــلاح اســلامک فاؤنڈیشن، انڈیا

Al Falah Islamic Foundation, India

1 Foundation ke Staff mein se ek shakhs ki monthly salary aap apne zimme le len.

2 Foundation ke liye koi jagah waqf kar den, ya Room ka rent ya Light bill apne zimme le len.

3 Per month 1 fix amt. foundation ko den. Aap ko month ke shuru mein ek message ke zariye yaad dilaya jata rahega. In sha Allah.

4 Aap chahein to har maheene ke hisab se poore saal (yaani 12 months) ka amt. ek sath bhi de sakte hain.

5 Aap agar khud is tarah hissa nahi le pa rahe hain to apne logon mein se kisi ko is ke liye convince karien, take uske zariye aap ko bhi is ka sawaab milta rahe.

6 Foundation ki Deeni, ilmi books & literature ko publish mein hissa len.

7 Apne marhoom ke isaal e sawab ke liye Foundation ki koi kitab publish karwayein, ya jo kitabein publish ho chuki hai use khareed kar Ulama ya talib e ilmo mein distribute karein, Foundation bhi aap ke behalf ya kaam kar sakta hai.

8 Akhiri darje mein ye ke Foundation ko apni nek duaon mein yaad rakhein.

Aap is tarah foundation ke liye contribute kar sakte hain.

www.afif.in

Al Falah Islamic Foundation, India /